YOUTH PARLIAMENT PAKISTAN
DEBATES

Saturday, the August 31, 2013

The Youth Parliament met in the Margalla Hotel at thirty five minutes past in the morning with Mr. Speaker (Mr. Wazir Ahmed Jogezai) in the Chair.

(Recitation of the Holy Quran)

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سب سے پہلے ہمارے ایک نئے ممبر oath لیں گے۔

(At this moment, a new Member of Youth Parliament, Raja Hassan Khan took oath)

جناب سپیکر: میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے oath میں ایک element اور بھی ہونا چاہیے جو یہاں بھی نہیں ہے، وہاں بھی نہیں ہے that we are punctual. Punctuality is essence of life. This is a mock Parliament and this a mock session جس کے لیے یہ ساری محنت اور کاوش کی جاتی ہے۔ آپ کو زندگی میں اسے کوئی فائدہ ہو، کتنا ہو، کیسے ہو، ایک یادداشت تو آپ کی رہے گی لیکن punctuality ایسی چیز ہے جس پر میرے خیال میں compromise نہیں ہونا چاہیے۔ ابھی آپ جوان ہیں، ابھی تو ایسا کوئی serious مسئلہ نہیں ہے لیکن آئندہ زندگی میں punctuality should be respected. Punctuality is a success, success to the life. سیکرٹریٹ نے پہلے بھی کچھ بچوں کو سزا دی ہے لیکن وہ پھر بھی نہیں سنبھلے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یا ان کا قصور ہے اور یا پھر آپ کا۔ کسی کا قصور ضرور ہے جو punctuality کی respect نہیں ہوتی۔ اب استری کا ہونا نہ ہونا، ہرگز کوئی excuse نہیں ہے۔ اگر پوری رات میں دوسرے دن کے لیے کپڑے استری نہیں ہوسکتے تو پھر یہ کوئی system نہیں ہے۔ بہرحال میں سیکرٹریٹ سے درخواست کرتا ہوں کہ ان ارکان کو آج کے دن آنے دیں، پھر دیکھیں گے۔

ابھی جو late comers آئے ہیں، میں نے ایک چھوٹی سی گفتگو کی کہ punctuality is the essence of life. اس وقت آپ ایک mock Parliament میں ہیں۔ براہِ کرم، اس کا خیال رکھیں۔ پہلے بھی سیکرٹریٹ نے آپ سے ایک آدھے دن کا کرایہ جمع کروایا ہے، یہ صرف آپ کی training کے لیے ہے، یہ نہ ان کی معتبری ہے اور نہ ان کی زیادتی ہے بلکہ یہ آپ ہی کے لیے ہے کہ آپ punctuality کو adhere کریں، punctuality کی respect کریں۔ If you are punctual, you will be respected, your nation will be respected and you will be honoured with success. اس لیے مہربانی کرکے punctuality کو یقینی بنائیں۔ سیکرٹریٹ کا آپ پر احسان ہے کہ وہ آپ کو آج سیشن میں شرکت کی اجازت دے رہے ہیں۔ آئندہ آپ لوگ پابندیٔ وقت کا خصوصی خیال رکھیے۔ شکریہ۔

اب ہم Order of the Day کی طرف آتے ہیں۔ مومنہ نعیم کا calling attention notice ہے۔ اسے کون move کرے گا؟

Mr. Kashif Ali (Leader of Opposition): Honourable Speaker, Miss Momna who has moved this calling attention notice, is not here today. Before moving it, I want to seek your attention towards one of the important issues. There was a resolution which was supposed to be in today's order of the day but the same is not included in the order of the day lying in front of us.

میں آپ کی توجہ اس قرارداد یا تحریک کی طرف اس لیے دلانا چاہ رہا ہوں کیونکہ وہ انتہائی اہم ہے۔

جناب سپیکر: آپ مومنہ کو represent کررہے ہیں یا اپنے motion کو represent کررہے ہیں؟

جناب کاشف علی: میں اپنے motion کو represent کررہا ہوں کیونکہ وہ motion اتنا important ہے کہ اسے order of the day میں top پر ہونا چاہیے تھا لیکن وہ موجود نہیں ہے۔

جناب سپیکر: اگر order of the day میں نہیں ہے تو اس کی کوئی وجہ ہوگی۔

جناب کاشف علی: میں اس کی وجہ جاننے کے لیے تو پوچھ رہا ہوں۔ اس ایوان میں ڈپٹی سپیکر کی removal کے لیے ایک motion move کیا گیا تھا۔ محترم سپیکر! ہر individual کا ایک جمہوری حق ہے کہ وہ motion move کرنا چاہتا ہے یا نہیں۔ میری پارٹی نے یہ motion move کیا ہے۔ ہماری پارٹی ایسی پارٹی ہے جو شروع سے جمہوریت پر یقین رکھتی رہی ہے، یہ ایک ایسی پارٹی ہے جس نے ہمیشہ جمہوریت کو مستحکم کرنے کی بات کی ہے۔ آج میں آپ کی توجہ اسی issue کی جانب دلانا چاہ رہا ہوں کہ اس ایوان کا مذاق بنایا جارہا ہے۔ اگر آپ مجھے دیکھیں تو میں نے ہمیشہ ڈپٹی سپیکر کی authority کو respectکیا ہے۔ میں نے ہمیشہ Rules of Procedure کو follow کیا ہے۔ آج میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس انتہائی اہم issue پر مجھے صرف تین منٹ دیے جائیں تاکہ میں ایک تقریر کروں۔

جناب سپیکر: تقریر آپ اس وقت کریں جب آپ کا motion take up ہو۔ What are the rules and procedures in this case? There has got to be some rules and procedures.

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! میں اسی لیے کہہ رہا ہوں کہ آپ کے ایوان کا مذاق بنایا جارہا ہے۔

جناب سپیکر: دیکھیں، procedures follow کرنے سے مذاق نہیں بنتا۔

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! اسی batch میں ایک precedent set کیا گیا ہے کہ اسی طرح کا فوری اہمیت کا motion سات منٹ میں move ہوجاتا ہے جبکہ آپ ہم پر کون سے سات دنوں والے rules apply کررہے ہیں؟

محترم سپیکر! میں تو یہاں بیٹھی ڈپٹی سپیکر سے مخاطب نہیں ہونا چاہتا تھا کیونکہ آپ ایک honourable authority تشریف رکھتے ہیں۔ میں نے ہمیشہ authority کو respect کیا ہے۔

جناب سپیکر: لیڈر آف دی اپوزیشن صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ I know it is an important issue.

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! یہ ایک urgent importance کا معاملہ ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ایک رکن کے democratic right کو expunge کیا جارہا ہے۔ ایک فرد کا جمہوری حق ہے کہ وہ جب ایک motion submit کرے تو اسے move ہونا چاہیے۔ ہم چاہتے ہیں کہ institutional discrimination نہیں ہونی چاہیے۔ ہم چاہتے ہیں

کہ provincial discrimination ختم کی جائے اور جو بھی motion submit کیا جائے، اسےبغیر کسی dichotomy کے move ہونا چاہیے کہ یہ اِس طرف سے آیا ہے یا اُس طرف سے۔ جب procedures اور rules کی بات ہوگی تو ہ across the board ساٹھ ارکان پر apply ہوگی۔ وہ صرف لیڈر آف دی اپوزیشن پر ہی apply نہیں ہوں گے، وہ گرین پارٹی پر ہی apply نہیں ہوں گے بلکہ سب پر ہوں گے۔

جناب سپیکر: بات سنیں، آپ تشریف رکھیں۔

There are always rules and procedures. If you go by them, the House will be very comfortable, you will be comfortable and the business of the House will progress gradually. There are different procedures for removal of Leader of the House and Speaker/Deputy Speaker.

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! رولز آپ کے سامنے پڑے ہیں، آپ پڑھ لیں، اس کے تحت بھی سات دن apply ہوتے ہیں۔ میں اسی لیے کہہ رہا ہوں کہ اس ایوان کا مذاق اڑایا جارہا ہے، آپ انہی لوگوں سے پوچھیں۔ میں بھی request کروں گا کہ وہ لوگ بتائیں کہ حق کیا ہوتا ہے، سچ کیا ہے اور جھوٹ کیا ہے۔

Mr. Speaker: That was not brought to my attention.

جناب کاشف علی: جناب سپیکر! میں اسی کی طرف آپ کی توجہ دلا رہا ہوں۔

جناب سپیکر: جو بات گزر گئی، اس کا تو میں کچھ نہیں کرسکتا۔ جو بات میرے سامنے ہورہی ہے، میں اسی کو recognize کروں گا۔

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! ہم تو اسی کو follow کریں گے کہ ایک precedent set کیا گیا ہے۔ ایک precedent جو تیسرے سیشن میں set کیا گیا ہے، اسے ہی follow کرنا ہوگا۔

جناب سپیکر: اگر precedent غلط set کیا گیا ہے تو غلط ہے۔

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! ہم غلط کو غلط ہی تو کہہ رہے ہیں۔ یہ غلط کیوں کیا گیا؟ میں نے پہلے دن سے stance لیا کہ ہم ایک جمہوری پارٹی ہیں، ہم جمہوریت کو چلنے دینا چاہتے ہیں، ہم اس یوتھ پارلیمنٹ کے پلیٹ فارم کا بیڑا غرق نہیں کرنا چاہتے۔

ایک معزز رکن: جناب! یہاں rules and regulations کو follow کیا گیا ہے۔ ہمارے سامنے یہ orders of the day ہے۔ اس کو follow کریں۔ ہم یہاں کام کرنے کے لیے آئے ہیں۔ ہم یہاں democracy کو derail کرنے کے لیے نہیں آئے۔

(مداخلت)

جناب کاشف علی: ایک بندے کی rules and procedures کی definition کیا ہے، یہی ہم آپ کو بتارہے ہیں۔ ہم آپ کو بتارہے ہیں کہ جمہوریت کی ایک ہی definition ہے۔ جمہوریت کی کوئی اپنی طرف سے definition نہیں بنا سکتا۔ جمہوریت کی تعریف یہ ہے کہ individual's liberty کو آپ expunge نہیں کرسکتے۔ آپ individual's right کو restrict نہیں کرسکتے۔

محترم سپیکر! یہ کوئی پاکستانی آئین کی definition نہیں ہے۔ یہ Wilsonian concept ہے۔ یہ universal human right human right declaration concept ہے۔ یہ ہر جمہوری ملک میں apply ہوتا ہے کہ جو motion move کرنا چاہتا ہے، آپ rules of procedures apply کریں۔ میں کہتا ہوں کہ ہم جمہوری لوگ ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ جمہوری نہیں ہیں۔ آپ کہاں جمہوری ہیں؟ You are not following the procedure at all.

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! میں آپ کی توجہ اسی جانب دلا رہا ہوں کہ یہاں rules and procedures follow نہیں کیے جارہے۔ یہاں rules and procedures کو discriminately apply کیا جارہا ہے۔ محترم سپیکر! آپ مجھے بتائیں کہ اتنا غلط precedent کیوں set کیا گیا کہ ایک شخص کے لیے وہی motion سات منٹ میں move ہوجاتا ہے جبکہ دوسرے کےلیے سات دن لیتا ہے۔ یہاں کوئی مذاق کرنے نہیں آتا۔

Rana Faisal Hayat: Point of order, Mr. Speaker. Enough is enough. He has had enough of it.

جناب کاشف علی: دیکھیں، enough is enough کا کیا مطلب ہے؟ میں بات کررہا ہوں، یہ کوئی طریقہ ہے بولنے کا؟ جناب سپیکر! اسی authoritarian and tyrannical language کو میں condemn کرتا ہوں۔ یہاں موجود ساٹھ کے ساٹھ ارکان equally treat ہوں گے۔ سب پر rules and procedures, equally apply ہوں گے۔ میں کہتا ہوں کہ انہوں نے جس طرح کی language استعمال کی ہے، انہیں اپنے عہدے سے resign کرنا چاہیے۔ محترم سپیکر! یہ ایک جمہوری پلیٹ فارم ہے، انہیں کم از کم جمہوری زبان تو استعمال کرنی چاہیے۔

Mr. Speaker: How many times are you going to use the "democratic platform" in your speech. It is a democratic platform. There is a procedure which is meant to be applied.

جناب کاشف علی: جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ اسی جانب دلا رہا ہوں کہ یہاں جمہوری طور طریقے استعمال نہیں کیے جارہے۔

جناب سپیکر: آپ اس کو adhere نہیں کررہے ہیں۔ آپ motion move کریں، motion adopt ہوگا اور اپنے وقت پر آئے گا۔

جناب کاشف علی: جناب سپیکر! میں نے اپنا motion تین دن پہلے move کردیا ہے، سیکرٹریٹ کے پاس پڑا ہے، وہ آج کے order of the day پر ہونا چاہیے تھا۔

جناب سپیکر: سات دن تو نہیں ہوئے؟

جناب کاشف علی: محترم سپیکر! آپ سات دن کی بات کررہے ہیں، میں آپ کو وہی بتا رہا ہوں۔ آپ honourable authority ہیں، میں آپ سے ایک permission لینا چاہتا ہوں۔ دیکھیں، ہم بات کرتے ہیں facts and figures اور evidences کی۔ آپ انہی لوگوں کو کھڑا کرکے ان سے پوچھیں کہ ان کے پرائم منسٹر کے خلاف پیش کیے جانے والے motion کو کتنا time لگا۔ محترم سپیکر! دیکھیں، ہم ایک precedent set کرنے کی بات کررہےہیں۔ مجھے بڑا فخر ہے، Blue Party کی dichotomy کو چھوڑیں، یہاں ایسے لوگ ہیں جو principlesکی بات کرتے ہیں، جو غلط کو غلط بولتے ہیں اور صحیح کو صحیح بولتے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ motion ایوان میں آنا چاہیے۔

جناب سپیکر: آج نہیں آئے گا۔

جناب کاشف علی: اگر ہمارے جمہوری حق کو expunge کیا جارہا ہے تو میں ایوان سے walk out declare کرتا ہوں۔ میں ہر اس رکن کو invite کرتا ہوں جو سمجھ رہا ہے کہ rules and procedures کو discriminately impose کیا جارہا ہے، میں انہیں invite کرتا ہوں کہ وہ آئیں، کھڑے ہوکر صحیح کو صحیح

بولیں، غلط کو غلط بولیں۔ جب تک ہم اس پلیٹ فارم کی politics کو نہیں سدھاریں گے، اس ملک کو کوئی نہیں بچا سکتا۔ یہاں میں چھ مہینوں سے یوتھ یوتھ کی باتیں سن رہا ہوں، چھ مہینوں سے democracy کی بات سن رہا ہوں، یہاں democracy کا بیڑا غرق کیا گیا ہے۔ یہاں democratic rules and regulations کا بیڑا غرق کیا جارہا ہے۔

Mr. Speaker: You may declare the walkout before I put throw you out. Kashif *sahib*, you are violating all the rules and decency.

جناب کاشف علی: میں آج walkout کررہا ہوں اور میں ہر اس رکن کو بھی invite کرتا ہوں جو سمجھتا ہے کہ صحیح کو صحیح اور غلط کو غلط کہنا چاہیے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: We adjourn the session for five to ten minutes. Let us have Kashif in the chamber.

رانا فیصل حیات (وزیر اعظم): جناب! مجھے دو منٹ کے لیے اجازت دیں۔

جناب سپیکر: آپ کیا بولیں گے؟

رانا فیصل حیات: جناب! میں صرف یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم یہاں صرف الفاظ کا ہیر پھیر کر کے ایوان کے قانون اور آئین کی دھجیاں نہیں اڑا سکتے۔ جب ہمارے قانون میں سات دن کا proposed time دیا گیا ہے تو اس سے ہٹ کر بات نہیں ہونی چاہیے۔

اس کے علاوہ، آپ کے حکم کے مطابق، میں جاکر ان سے بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: آپ ان سے بات کریں اور ان سے کہیں کہ یہ procedure نہیں ہے۔ ہم دس منٹ کے لیے اجلاس کو adjourn کرتے ہیں۔

[The House was adjourned for ten minutes]

[The House was reassembled after break with Mr. Speaker (Wazir Ahmed Jogazai) in the Chair]

جناب وزیر احمد جوگیزئی (سپیکر یوتھ پارلیمنٹ):ہم calling attention notice پر بات کر رہے تھے۔جناب وزیراعظم صاحب! آپ اپنی statement دیں گے؟

رانا فیصل حیات (وزیراعظم یوتھ پارلیمنٹ): شکریہ، جناب سپیکر! ایسا ہے کہ سیلاب پر already ایک resolution آچکی ہے اور ہم اس پر working کر رہے ہیں۔ کالا باغ ڈیم کی بات کی گئی، کالاباغ ڈیم کو بہت seriously لیا جا رہا ہے because it has the potential to create 3600MW of electricity لیکن اس میں provincial disagreement بہت زیادہ ہے۔ KPK کی صوبائی حکومت they are also trying to make an environment in the province کہ اس کے حق میں کچھ کیا جائے اور اس پر national consensus کی ضرورت ہے۔ ہم نے floods کے بارے میں جو کمیٹی بنائی تھی، وہ already اس پر کام کر رہی ہے۔ شکریہ۔

RESOLUTION

Mr. Speaker: There is a resolution moved by Mr. Rafiullah Kakar, Mr. Inam Ullah Marwat, Mr. Mateeullah Tareen and Mr. Hazrat Wali Kakar. Those who are moved this resolution anybody amongst them is present?

One honourable Member: Mr. Speaker, they are coming and we will present this in a while.

Mr. Speaker: No they are not coming, you want to move it.

رفیع اللہ صاحب آگئے ہیں۔

Mr. Rafiullah Kakar: Thank you Mr. Speaker, I would like to move a resolution that;

"This House unequivocally condemns the continuation of the barbarous "Dump and Kill" policy by the military establishment in Balochistan. Since the new nationalist-led government has assumed office, the body count of Baloch missing persons has been on rise, which reveals not only the ignominious indifference of the security establishment to the post-election realities but also their blatant disregard of the rightful authority of civilian government. If the establishment persists with such strategies, it is likely to accentuate further the crisis of national integration".

جناب سپیکر! میں اس resolution کی importance بتانے کے لیے یہاں اس لیے لایا ہوں، ہمارے محترم اپوزیشن لیڈر ہمیں بعض اوقات کہتے رہتے ہیں کہ ہماری بات terrorism سے شروع ہو کر بلوچستان پر ختم ہوتی ہے۔ Issue یہ ہے کہ شاید باہر بیٹھ کر اس issue کی significance لوگوں کو معلوم نہیں ہوتی۔ Having been lived there and living there ground realities بعض اوقات اس alarming level تک پہنچ جاتی ہیں کہ then we reach to a point where there is no u-turn جہاں پر آپ point of on return پہنچ جاتے ہیں تو تب ہمیں سمجھ آتی ہے۔ This was exactly what happened in East Pakistan جہاں یہ ہوا۔ اب بلوچستان کی حالت یہ ہے کہ وہاں دو طرح کی insurgencies چل رہی ہیں، ایک sectarian insurgency جس میں non-state actors involved ہیں اور ایک ethno-nationalist ہے جس میں ایک Baloch ethnic group کے کچھ segments involved ہیں۔ وہاں کی حالت یہ ہے کہ میں آپ کے سامنے کچھ ایسے انکشافات کروں گا کہ کوئٹہ کے اکثر سکولوں میں آپ پاکستان کا جھنڈا نہیں لہرا سکتے، وہاں آپ قومی ترانہ نہیں پڑھ سکتے کیونکہ militants کی طرف سے threat ہے۔ Rural Balochistan میں Baloch belt میں حالت یہ ہے کہ وہاں سکولوں میں morning assembly ہوتی ہے اور نہ ہیassembly کے دوران پاکستان کا جھنڈا سکولوں پر لہرایا جاتا ہے۔جس صوبے حالت یہاں پہنچ چکی ہو، آپ کی سرکاری بلڈنگوں پر خدا نخواستہ لکھا ہوتا ہے کہ پاکستان مردہ باد، کوئٹہ میں سرکاری املاک پر یہ نعرے لکھے ہوئے ہیں۔ آپ کوئٹہ جیسے شہر میں سکولوں میں پاکستان کا قومی ترانہ نہیں پڑھ سکتے، آپ flag hoist نہیں کر سکتے - UET Khuzdar میں میرے دوست پڑھتے ہیں میں نے ان سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ وہاں پاکستان کا جھنڈا نہیں لہرایا جاتا۔ اسی طرح Baloch belt کے اکثر علاقوں میں یہی حالات ہیں۔ جب حالات یہاں تک پہنچ جائیں لیکن لوگ پھر بھی کہہ رہے ہوتے ہیں کہ بلوچستان میں تو آئے روز کوئی نہ کوئی مسئلہ ہو جاتا ہے، یہ اتنا اہم نہیں ہے، یہ چلتا رہے گا۔ بھائی یہ چلتے رہنے کی بات نہیں ہے۔ The reason we highlight this issue time and again and emphasize on it because we have made mistakes in the past, ہم نے East Pakistan میں یہی کیا جب پانی سر سے گزر چکا تو we realize but then it was too late. یہی چیز بلوچستان میں ہو رہی ہے، ہم بار بار چیخ رہے ہیں کہ خدا نخواستہ اگر اس معاملے کو حل نہ کیا گیا تو اس ملک کی integrity کو خطرہ ہے، crisis of national integration مزید بڑھے گا۔

جناب سپیکر! میں یہ resolution particularly اس لیے لایا ہوں کہ آپ سب ماشاءاللہ معزز ممبران ہیں، آپ ٹی وی بھی دیکھتے ہیں، خبریں بھی پڑھتے ہیں۔ ایک بلوچ صحافی عبدالرزاق جسے آج سے چار پانچ مہینے قبل بلوچستان سے اغواء کیا گیااور اس کی لاش کراچی کے ایک علاقے سے تقریباً ایک ہفتے پہلے ملی ہے۔ جناب والا! آپ وہ تصویر دیکھ لیں جو ہربیار مری اور دوسرے لوگوں نے Twitter پر اپنے pages پر load کی، literally اس کی تمامbody جلی ہوئی تھی، اس کی family نے اسے صرف اس کی ٹانگوں اور ہاتھوں کی انگلیوں کے نشانات سے شناخت کیا، اس کے چہرے اور باقی تمام جسم کو,no one could identify it وہ ساری کی ساری جلی ہوئی تھی۔ یہ بلوچستان کا پہلا صحافی نہیں تھا جسے بے دردی سے مارا گیا۔ یہ اکلوتا بھائی تھا۔ اس کا خاندان اس پر dependent تھا اور یہ روزگار کا واحد ذریعہ تھا۔ معلوم نہیں کہ تربت اور کیچ جیسے backward areas سے اٹھ کر اس stage تک پہنچنے میں اس نے کیا تگ و دو کی ہو گی؟ جب ایسے لوگ عام political activists جنہیں کچھ civic sense آجاتا ہے، وہ جب حقوق کی بات کرتے ہیں تو آپ لوگ force use کر کے اس طرح brutally اور بے دردی سے انہیں suppress کرتے ہیں۔ مجھےاس family کی فکر نہیں ہے، مجھے ان تمام نوجوانوں کی فکر ہے، ان تمام میں ماشاءاللہ civic sense ہے، they know their rights and responsibilities.مجھے عبدالرزاق بلوچ کی شکل میں تمام نوجوانوں کی تصویریں نظر آرہی ہیں، مجھے اپنی تصویر نظر آرہی ہے کیونکہ اگر مجھے جس بھی forum پر موقع ملے گا I will speak against injustice تو کیاonly for speaking against injustice مجھے اس طرح بے دردی سے قتل کر دیا جائے گا؟ کل عبدالرزاق بلوچ، آج رفیع اللہ کاکڑ، پرسوں وزیراعظم صاحب، اس سے اگلے دن کاشف صاحب کی باری آسکتی ہے ، for that matter کسی کی بھی باری آسکتی ہے۔

جناب سپیکر!یہ nationalist government آئی ہے اور in the history of Balochistan at least theoretically we can say that this is a genuinely representative government, اس میں nationalists ہیں، Baloch nationalists ہیں، اس میں Pashtun nationalists ہیں اور جب یہ nationalist government آئی تو اس سے ہماری بڑی expectations تھیں.but they disappoints us that military establishment has not ceased its previous policy صرف پچھلے تین مہینوں میں جب سے یہ نئی حکومت آئی ہے تیس کے قریب لاشیں مل چکی ہیں، پہلے کوئٹہ سے ملتی تھیں، اب کراچی میں جا کر پھینک دیتے ہیں۔ یہ تیس کے قریب لاشیںindirectly اس nationalist and representative government کے لیے ایک signal ہے کہ.you do not have any authority یہاں میرے ساتھی جن کا بلوچستان سے تعلق نہیں ہے وہ اکثر مجھ سے پوچھتے رہتے ہیں کہ آپ لوگ خوش نہیں ہوتے، آغاز حقوق بلوچستان package آیا، زرداری حکومت نے معافی مانگی لیکن آپ لوگ خوش نہیں ہوتے، خوش ہونے کی بات نہیں ہے، آپ نے آغاز حقوق بلوچستان کا package دیا، اس میں primary point ہی یہ ہے کہ آپ missing persons کا مسئلہ حل کر دیں۔ آپ نے معافی مانگی، مشرف دور میں اتنی mutilated dead bodies نہیں ملی تھیں جتنی سابق دور میں ہمیں ملی ہیں۔ جب آپ لاش دیں گےاور ساتھ ایک سکول بنا دیں گے توdo you think کہ لوگ اس لاش کو بھول جائیں گے؟

جناب سپیکر! میں اپنے آپ کو بہت patriotic سمجھتا ہوں and I believe that everybody sitting in this House is among the most patriotic citizens of this county لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہpatriotism اس ملک کے لیے جو محبت ہے یہ اس دن question ہو گی خدانخواستہ اگر عبدالرزاق بلوچ کی طرح میرے family members and for that matter any Baloch missing person جس کی mutilated body ملتی ہے اگر وہ مجھے ملے،کسی کے ناخن نکالے گئے ہیں، یہاں تک کہ bullet سے firing کر کے ان کے سینوں پر پاکستان کے جھنڈے بنائے گئے ہیں۔ خدانخواستہ میرے family members تو دور کی بات میرے گاؤں میں بھی کسی کی اس طرح کی لاش آجائے تو پھر اس دن میراpatriotism پتا نہیں کہاں stand کرے گا۔ آپ bullet سے patriotism نہیں ڈال سکتے،soft power project کریں۔ یہاں کے لوگوں کو ground realities کا نہیں پتا کہ نئی حکومت آئی ہے اور آپ ابھی تک خوش نہیں ہیں، بھائی خوش ہونے کی بات نہیں ہے، بلوچستان کا مسئلہ ہمیشہ ہی یہ رہا ہے کہ military establishment has been interfering in the affairs of the civilian government. Civilian governmentآتی ہے، ایک تو وہ پہلے سے نااہل ہوتی ہے اوپر سے military establishment ان کی تھوڑی بہت performance کو missing persons, dead bodies, FC کی activities سے اس پر مزید پانی پھیر دیتی ہے۔ My point here is کہ ایک representative government آئی ہے خدارا! میں حکومتِ پاکستان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ military establishment کو لگام دے اور اگر وہ انہیں لگام نہیں دے گی، یہ missing persons کا معاملہ، mutilated dead bodies پھینکتے ہیں، جس دن پانی سر سے گزر جائے گا۔ مجھے حیرت ہوتی ہے، بڑے بڑے لوگ، بڑے بڑے اخبارات جو اس وقت مشرقی پاکستان کے خلاف لکھتے تھے، آج سب پچھتا رہے ہیں کہ ہم یہ غلطی ہوئی، وہ غلطی ہوئی,but its too late اب اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اس سے زیادہ تکلیف دہ بات یہ ہے کہ we have learnt nothing from our mistakes of the past, ہم بلوچستان میں وہی غلطیاں دہرا رہے ہیں۔ آج تو صرف جھنڈا نہیں لگ رہا۔ میں ان کی target killings کے ساتھ ان settlers کی target killings کو بھی condemn کرتا ہوں۔ عید سے پہلے تیرہ مسافروں کو بس سے اتار کر، ان کے شناختی کارڈ check کیے اور جو پنجاب اور سندھ سے تعلق رکھنے والے لوگ تھے ان کو قتل کیا۔ کس نے کیا؟ دہشت گردوں نے کیا، non-state actors نے کیا۔

جناب سپیکر! ہم بلوچستان کے عوام are trapped in a unending war between the non-state actors and the state, یہ کب تک جاری رہے گی؟ وہ مسافروں کو ماریں گے، ایک عام پنجابی مزدور کو ماریں گے، ایک ٹیچر کو ماریں گے اور یہ ایک برائے نام عام Baloch activist کو ماریں گے تو کیا اس طرح بلوچستان کا مسئلہ حل ہو گا؟ ہم Baloch militants کی ان activities کو condemn کرتے ہیں جو وہ کرتے ہیں۔ میرے اپنے ایک ٹیچر مار دیے گئے، he was Punjabi. اس تکلیف کا مجھ سے زیادہ کس کو پتا ہو گا؟ He was my teacher, he taught me for three years, انہیں کالج کے سامنے مارا گیاjust because that he was not from Balochistan. اسی طرح I feel for those Balochs جنہیں military establishment نے لیکن چونکہ military establishment پر میں اس لیے زیادہ responsibility ڈال رہا ہوں کہ یہstate کو represent کرتی ہے اور state کاrole ایک باپ کی طرح کا ہوتا ہے اور زیادہ responsibility state پر آتی ہے۔ میں اس لیے اپنے دوستوں سے یہ گزارش کرتا ہوں

کہ یہ حالات جس دن point of no return پر پہنچ گئے پھر آپ پچھتائیں گے۔ That is all from my side. Thank you for your passion and presence.

Mr. Speaker: Mr. Inam Ullah Marwat *sahib*.

Mr. Inam Ullah Marwat: Thank you Mr. Speaker, I fully agree with this resolution that has been moved by Mr. Rafiullah Kakar and he was quite right in saying that we are dealing with the Balochistan issue on the face value, I mean the grievances of Balochistan are something like that they have always complaints that we have not been taken on board whenever the government comes in Balochistan. For the first time in history in 1973 you can see when the first Constitution of Pakistan was formulated and National Awami Party was formed government in the province and it was representing the locals. After just one year when demanding for more autonomy the provincial government was dismissed by then government led by Pakistan People's Party. For the first time in history and this credit goes to PML (N) that they made a huge compromise by just leaving the government although they could form government over there but they gave that government to the local political parties i.e., Paktoonkhwa Milli Awami Party and others who are representing Balochs.

Mr. Speaker, Want I want to say that although the local parties are representing but when I say that we are dealing with it on the face value, military establishment is quite active over there. I think military is quite right, it can justify in something like that we left a political space over there and that space has now filled by foreign hands and to counter those foreign hands the army is just compelled to act there. I believe that a proper policy should be framed and the power should be given to the locals. We should take them on board, give them responsibilities. We can not go with military type of solution which has been applying for the last sixty years and what is the result of this? The foreign hands over there and they are quite exploiting the insurgency. Thank you.

Mr. Speaker: Mr. Mateeullah Tareen *sahib*.

جناب مطیع اللہ ترین: ہم اس ایوان میں information and number game کے لیے یا quantitative measures کے لیے باتیں تو کر دیتے ہیں، سن لیتے ہیں لیکن کبھی feel نہیں کرتے کہ ان measures and quantities میں درد اور feeling کیا ہے؟ جتنے لوگ لاپتا ہیں، ان کے گھروں میں کیا حالات ہیں؟ ان کی situation کیا ہے، ان کی families کی کیا situation ہے؟ میں کچھ figures دوبارہ پیش کروں گا جو normally quote کیے جاتے ہیں کہ اس وقت missing persons کی تعداد بلوچ groups کے مطابق above ten thousand ہے جبکہ حکومت کی طرف ان کی تعداد below one thousand ہے۔ Let's agree کہ بلوچ ایک extreme پر ہیں اور حکومت دوسری extreme پر کھڑی ہے، یہ figure five thousand کے درمیان یا پھر چار ہزار کے درمیان ہے، just believe four thousand people means you are paralyzing four thousand families in a province ان کے لوگ گھروں سے غائب ہیں اور اس معاملے کو seriously نہیں لیا جا رہا۔ Judiciary is talking about it time and again Chief Justice *sahib* باربار کہتے ہیں کہ missing persons کے معاملے کو seriously لیا جائے۔ پچھلے ایک دو سالوں سے اسی معاملے پر discussion ہو رہی ہے۔ ہر عید پر ہم اچھے اورنئے کپڑے پہن کر، بن سنور کر رشتے داروں کے ہاں جاتے ہیں، خوشیاں مناتے ہیں، ان missing persons کے رشتے دار Quetta

Press Club کے باہر ایک ٹینٹ میں بیٹھ کر عید کے تینوں دن اپنے عزیز واقارب کو یاد کرتے رہتے ہیں۔ ایک طرف ایک آدمی خوشی منا رہا ہوتاہے اور دوسری طرف دوسرا آدمی اپنے رشتہ دار کے غم میں ٹینٹ میں پوری عید پرانے کپڑوں میں گزار دیتا ہے۔ اس کے باوجود اس کے لیے commitment, will and process جس طرح یہ کام ہونا چاہیے تھا that is not going on.

Mr. Speaker, Mr. Rafiullah said about the military establishment being involved in the whole process.

میں اس میں ایک اور چیز کو بھی include کرنا چاہوں گا صرفmilitary establishment ہی نہیں موجودہ الیکشن ہونے کے بعدپچھلے تین مہینوں سے Balochistan Government کی کابینہ ابھی تکform ہی نہیں ہو سکی۔ We really appreciate, اس ایوان میں ہر کوئی agree کرے گا کہ Balochistanمیں آنے والی تمام حکومتوں اور صوبائی اسمبلیوں میں ایک consensus کے ساتھ لوگوں کو represent کرنے والی اگر کوئی اچھی حکومت بنی ہے تو وہ موجودہ حکومت ہے. but still there is a deadlock on the formation of the Cabinet of Balochistan. Here is not the involvement of the military establishment but the involvement of the Federal Government کہ اس کے نمائندے ایک deadlock create کر رہے ہیں۔ وہاں already ایک معاہدہ ہو چکا ہے کہ کون سی وزارت کس پارٹی کو ملے گی، اس کے باوجود the major party that is sitting in the center is interfering in the provincial affairs once again in the formation of the cabinet. تین ماہ گزر چکے ہیں اور وہاں ابھی تک کابینہ کی تشکیل نہیں ہو سکی،how will the affairs of the province will be run? ایک national government کوجا کر آپ یہ تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نےبلوچستان میں ایک ایسی representative government بنا دی جو ان کے اپنے عوام کی ہے۔ ہمارے پاس mandate تھا لیکن ہم اپنا وزیراعلیٰ نہیں لائے لیکن خدارا! اب اس mandate کو کام کرنے دیں، اس کی کابینہ کو بننے بھی تو دیں، وہاں کی کابینہ بنے گی، اس پر کام ہو گا تو جا کر کوئی policy form ہو گی اور ان missing persons کے حوالے سے یا دوسرے حوالوں سے کوئی کام ہو گا، کوئی way out نکلے گا۔

جناب سپیکر!مجھے تو یہ چیز سمجھ نہیں آتی۔ رفیع اللہ کاکڑ نے مثال دی کہ تربت کا رہنے والا ایک صحافی جس کی struggle کو انہوں نے بیان فرمایا، تربت سے اٹھنے والے ایک آدمی کو یا پھر ایک banned lashkar کے تربت یا پنجگور سے اٹھنے والے کسی چھوٹے سے student کو بھی آپ اس کے گھر سے جا کر اٹھا کر، اس کی body کوmutilate کر کے کہیں بھی پھینک سکتے ہیں تو پھروہ کون سی وجہ ہے جو آپ کو روک رہی ہے کہ ایکreligiously banned organization آپ کے صوبے میں دندناتی پھر رہی ہے، وہ ایک دو نہیں بلکہ ایک ہی مہینے میں سینکڑوں لوگ مارتے ہیں، اس کے خلاف کوئی action نہیں ہوا، اس کا کوئی بھی آدمی نہیں پکڑا گیا۔ میں اس ایوان میں کتراؤں گا نہیں اور اس کا نام لوں گا کہ وہ لشکر جھنگوی ہی ہے جس نے ہر اس act کو accept کیا ہے، ایک settled situation کے مطابق ایک عام آدمی بھی آپ کو بتا سکتا ہے کہ لشکر جھنگوی کہاں رہتی ہے یا پاکستان، بلوچستان اور کوئٹہ کے کن کن specific areas میں ان کے گڑھ ہیں، کہاں کہاں ان کے دفاتر ہیں۔ کون لوگ ہیں جو اسےlead کرتے ہیں، what are the names, you have the names, you have the addresses and you are a complete security agency and still there is a failure on the side. میں تو

اس چیز پر believe نہیں کرتا، .being an individual I do not believe on this خدارا! اس situation کو تھوڑا serious لیا جائے۔ میں حکومتی ممبران اور اپوزیشن میں بیٹھے ہوئے تمام ممبران سے درخواست کرتا ہوں کہ اس resolution کو تھوڑا serious لیں۔ یہاں political deadlock create کرنے کی بجائے بلکہ اس situation میں ان لوگوں کے درد کو سمجھیں اور پھر اس resolution کو سامنے رکھ کر کوئی فیصلہ کریں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب حضرت ولی کاکڑ صاحب۔

جناب حضرت ولی کاکڑ: شکریہ، جناب سپیکر! اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمیں national integration کو promote کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہییں۔ اس وقت ہمیں واضح نظر آرہا ہے کہ ہمارے ملک میں national integration strong نہیں ہے۔ ہم بلوچستان کے حوالے سے بات کر رہے ہیں کہ وہ کیا issues ہیں؟ مطیع اللہ نے کہا تھا کہ ایک organization Baloch Voice for Missing Persons کے مطابق دس ہزار لوگ missing ہیں۔ وہ لوگ claim کر رہے ہیں کہ ہمارے دس ہزار سے زائد آدمی لاپتا ہیں لیکن state یہ کہہ رہی ہے کہ نہیں یہ لوگ ہزار سے بھی کم ہیں لیکن ہم کہہ رہے ہیں کہ یہ جتنے بھی لوگ ہیں یہ لاپتا کیوں ہیں؟ ہمارا آئین اور international law ہمیں کیا بتاتے ہیں کہ اگر آپ کسی بھی آدمی کو اغواء کرتے ہیں تو within 24 hours اسے عدالت کے سامنے پیش کریں جبکہ یہاں دس ہزار آدمی لاپتا ہیں اور یہ کیوں لاپتا ہیں؟ ہم نے military and security establishment کی بات کی تھی۔ بلوچستان میں اتنے سکول نہیں ہیں جتنی ان کی check posts ہیں۔ ہم نے اس کو سمجھتے ہوئے یہ کہا تھا کہ اور کل بھی بات ہو رہی تھی کہ طالبان سے مذاکرات ہونے چاہییں، کسی نے کہا نہیں ہونے چاہییں اور کسی نے کہا ہونے چاہییں۔ ہمارے درمیان ابھی تک اس بات پر consensus نہیں ہوا کہ Baloch nationalists کے militants wings کا ایک نعرہ جو 1948 سے چلا آرہا ہے، ان کا گلہ اور شکوہ ہے اور ہم نے اسے ابھی تک seriously لیا ہی نہیں ہے۔ ہم اس بات کو discuss کرتے ہیں اور ہمیں response مل رہا ہے کہ بلوچ militants کے ساتھ کسی طرح کی negotiation نہیں ہونی چاہیے۔ ان کی genuine reasons ہیں، ہم مل بیٹھ کر ان کے مسائل کو دیکھیں اور انہیں حل کریں۔

جناب سپیکر! ہم غلطی پر غلطی کر رہے ہیں، مطلب یہ کہ بلوچوں کا ایک national cause ہے جبکہ انہیں tackle کرنے کے لیےہمیشہ ہمارے ملک کی یہ policy رہی ہےکہ ہمproxies کو promote کرتے ہوئے ملکی issues کو حل کرتے ہیں۔ آج کل ہم سب نے سنا ہے کہ بلوچستان میں ایک banned organization لشکر جھنگوی اتنی active ہے کہ آپ Baloch cause کو depress کرنے کے لیے ایک proxy کو promote کر رہے ہیں۔ یہ state کی policy نہیں ہونی چاہیے کیونکہ ہم ایک population کو support کر رہے ہیں۔ کیا یہ ہماری پالیسی ہے؟ ہم non-state actors کے ذریعے اپنا ایک national issue حل کرنا چاہتے ہیں، یہ کیا طریقہ ہے؟

جناب سپیکر! وزیر برائے داخلہ سے میرا یہ سوال بھی ہے اور گلہ بھی ہے کہ زیارت ریزیڈنسی پر حملہ ہوا، کوئٹہ میں کالج کی چودہ طالبات شہید ہوئیں، انہوں نے ابھی تک ان پر کوئی resolution لائی اور نہ ان پر کوئی بات ہوئی ہے۔ یہ کیا کر رہے ہیں؟ میرا ان سے ایک اور سوال ہے کہ میں لاہور کے ایک protest میں شریک تھا اور وہاں کہا جا رہا تھا کہ قائد ہم شرمندہ ہیں۔ قائداعظم کی رہائش گاہ پر حملہ ہوا اور وہ کہہ رہے ہیں کہ قائد ہم شرمندہ ہیں۔ کیا ہمیں اس بات پر قائد سے شرمندہ نہیں ہونا چاہیے کہ جو دس ہزار لوگ بغیر

کسی وجہ سے لاپتا ہیں۔ میں یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ زیارت ریزیڈنسی پر حملہ صحیح ہوا تھا، میں اس act کو بھی condemn کر رہا ہوں کہ وہاں کسی بھی صورت حملہ نہیں ہونا چاہیے تھا۔ میں وزیر داخلہ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ ایک چیز طے کر لی جائے کہ اس issue پر ہماری پالیسی کیا ہے؟ زیارت ریزیڈنسی پر حملہ کیوں ہوا؟ کس نے کیا؟ اس پر ہمارا کیا response ہے؟ ہر بات کو tackle کرنے کے لیے ہمارے پاس ایکwill and comprehensive policy ہونی چاہیے۔ اگر یہ policy ہے اور لوگ لاپتا ہو رہے ہیں تو یہ اتنا چھوٹا مسئلہ نہیں ہے، اس سے ہماری national integration کافی کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ لہٰذا میں اس ایوان اور اس کے ممبران کے توسط سے توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ اس بات پرseriously غور کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب اقبال زہری صاحب۔

جناب محمد اقبال زہری: شکریہ، جناب سپیکر! میری بھی خواہش ہے کہ اسلام آباد سے لاہور تک جو موٹر وے بنی ہے، ایسی ہی بلوچستان میں بھی بنے، میری بھی خواہش ہے کہ کراچی میں جو بندرگاہ develop ہوئی ہے ایسی ہی گوادر میں بھی develop ہو۔ گزارش ہے کہ وہاں کے لوگوں کو جینے نہیں دیا جا رہا۔ میں خضدار کے علاقے سے تعلق رکھتا ہوں، میں ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کیونکہ ہمارے لیے یہ ایک چھوٹی سی مثال ہے لیکن اس فیملی کے لیے یہ قہر کی گھڑی ہے۔ اس فیملی کا صرف یہ قصور تھا کہ اس فیملی کا ایک نوجوان وہاں کیBaloch Student Organization کا ممبر تھا، ان کی activities میں participate کیا کرتا تھا۔ پہلے اسے مارا گیا اور establishment کا دل اس سے نہیں بھرا، اس کے بعد اس کے باپ کا کوئٹہ میں پیچھا کیا گیا اور وہاں مار دیا گیا، اس کے بعد اس کی فیملی کومجبور کیا گیا کہ وہ پہاڑوں میں جا کر پناہ لے۔ آپ کہتے ہیں کہ آپ پہاڑوں پر چڑھتے ہیں اور بندوقیں اٹھاتے ہیں تو ہم بندوقیں کیوں نہ اٹھائیں جب ان کے لوگوں کو مارا جا رہا ہے، جب ان کے حقوق کو چھینا جا رہا ہے تو پھر وہ آواز کیوں نہ اٹھائیں۔

جناب سپیکر! وہاں کے حالات دن بدن خراب ہوتے جارہے ہیں اور state وہاں غیر ذمہ دارانہ طریقے سے perform کر رہی ہے۔ وہاں کے منتخب ممبران کو بھی کام نہیں کرنے دیا جا رہا۔ آپ کے سامنے ایک recent مثال ہے کہ حال ہی میں ہونے والے الیکشن میں اختر مینگل صاحب کو ہی دیکھ لیں، ان کے ساتھ کیا کیا گیا؟ ان کے الیکشن کے نتائج کو روکا گیا۔ انہوں نے اس پر protest کیا، میڈیا میں یہ بات آئی تو پھر مجبوراً ان کے الیکشن کے نتائج کو announce کیا گیا۔ گزارش ہے کہ وہاں کے لوگوں کو اور ان کی مجبوریوں کو سمجھا جائے، وہاں کے لوگ پہلے ہی سرداروں اور وڈیروں کی وجہ سے مارے جا چکے ہیں اور جو بچی کچھی کسر تھی وہ state نے پوری کر دی ہے۔ اب گزارش یہ ہے کہ اس مسئلے کو جلد از جلد حل کیا جائے۔ اس مسئلے کی sensitivity کو سمجھا جائے خدارا۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب عمر نعیم صاحب۔

جناب عمر نعیم: شکریہ جناب سپیکر۔ میں رفیع اللہ کی اس resolution کو endorse کرنا چاہوں گا۔ ہمارا جو مسئلہ ہے missing persons کا یا جو killing کا معاملہ ہے، یہ روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں اگر ہم یہاں پر بیٹھ کر discuss کر لیتے ہیں۔ Discuss کرنا تو ٹھیک ہے لیکن آگے جو اس کی implementation کی جب بات آتی ہے تب ہمیں بہت سے ایسے شواہد ملتے ہیں کہ اس میں کئی militants بھی

involved ہوتے ہیں اور کئی مرتبہ ہماری rangers بھی involved نظر آتی ہے کہ جی یہ لوگ ایسا کر رہے ہیں۔ اگر missing persons کے لواحقین سے اس سلسلے میں views لیے جائیں تو وہ کہتے ہیں کہ یہ لوگ دہشت گردی کی activities میں involve ہوتے ہیں۔ ہمیں واضح طور پر بتایا جائے کہ اگر یہ missing persons کی تمام information موجود ہے حکومت کے پاس یا ان کو پتا ہے کہ یہ persons missing کیوں ہو رہے ہیں تو وہ اس کو تھوڑا سا highlight بھی تو کریں۔ اب ایک missing person ہے تو definitely اس کے گھر والوں کا درد ہم لوگ محسوس نہیں کر سکتے ادھر air-conditioned کمروں میں بیٹھ کر۔ یہ درد تو انہی لوگوں کو محسوس ہوگا جو ان کے گھر والے ہیں۔ یہ ایک question mark ہے۔ ایک تو بندے کی death ہو جاتی ہے تو اس کا تو معلوم ہوتا ہے اور صبر آ جاتا ہے لیکن ایک شخص جو لاپتا ہے، اس کے گھر والوں کو جب تک اس کوئی خبر نہ ملے وہ تو اذیت میں ہی رہتے ہیں۔ اس کے لیے جو implementation کی بات ہے جو انہوں نے بھی کی ہے کہ ہمیں غور کرنا چاہیے تو ہم غور تو کر رہے ہیں لیکن ہمیں کوئی نہ کوئی ایسا اقدام ضرور اٹھانا پڑے گا اور بہت جلدی کرنا پڑے گا۔ اس کو کسی صورت میں بھی delay نہیں کرنا چاہیے۔ شکریہ۔

میڈم سپیکر: محترمہ مومنہ نعیم صاحبہ۔

محترمہ مومنہ نعیم: سب سے پہلے تو I am totally agreeing with the resolution. یہ بالکل ٹھیک topic ہے جس پر ہم یہاں پر discuss کر رہے ہیں لیکن جب یہاں پر implementation کی بات کی گئی تو اس resolution کے presenter نے لشکر جھنگوی کا نام لیا۔ پہلے تو میں یہ کہنا چاہوں گی یا یہ پوچھنا چاہوں گی کہ لشکر جھنگوی کا آپ کو پتا ہے، اس کا نام پتا ہے، اس کا address معلوم ہے، اس کی locations پتا ہیں، لوگ پتا ہیں، leaders پتا ہیں، تو آپ ان سے negotiations کیوں نہیں کرتے۔ آپ ان کے پاس کیوں نہیں جاتے اور آپ ان سے کیوں نہیں پوچھتے کہ مسئلہ کیا ہے۔ ?What do you want دوسری بات میں یہ کہوں گی کہ سب لوگوں نے یہاں پر کھڑے ہو کر implementation کی بات کی، policies formulate کرنے کی بات کی، state کے role کی بات کی، responsibilities کی بات کی لیکن کسی نے یہ نہیں کہا کہ ہمیں root causes میں جانا چاہیے۔ We should look or we should find out that what are the root causes. وہ کیا ایسی وجوہات ہیں جن کی وجہ سے آج یہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ میں یہاں پر ایک سوال کرنا چاہوں گی اپنے ساتھیوں سے کہ کیا بلوچستان میں اس کی root cause unemployment ہے؟ یا پہلے سے کچھ اس طرح کے دہشت گردی واقعات ہیں جو دوسرے لوگوں کو provoke کر رہے ہیں یہ سب کچھ کرنے پر۔ کیا اس کی وجہ poverty ہے یا پھر illiteracy ہے۔ میرے خیال میں اس کی وجہ illiteracy ہے۔ جب تک ہمیں root causes ہی معلوم نہیں ہوں گے تب تک ہم policies کس بنیاد پر formulate کریں گے۔ میرا خیال ہے کہ implementation or policies or the role of state سے بھی پہلے ہمیں root causes discuss کرنا چاہیے کہ وہ کیا ہیں اور ان کو find out کرنا چاہیے۔

آخر میں میں نے یہاں پر بیٹھے ہوئے ایک point سوچا اور وہ یہ ہے کہ missing persons یا دہشت گردی یا یہ سب کچھ جو یہاں پر discuss ہوا، وہ سب صرف اور صرف بلوچستان کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ وہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ کراچی میں بھی یہی سب کچھ ہو رہا ہے، بوری بند لاشیں مل

رہی ہیں، لوگ لاپتہ ہو رہے ہیں، کچھ نہیں پتا ہوتا کہ آج ایک بندہ گھر سے نکلا ہے تو کیا وہ واپس بھی گھر آئے گا یا نہیں۔ میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ صرف بلوچستان کو specify کر دینا میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہے۔ پورے پاکستان کا یہی مسئلہ ہے۔ اس وقت بلوچستان، سندھ، پنجاب یا KPK ہو ہر جگہ یہی مسئلہ ہے۔ میرے خیال میں ہمیں پورے پاکستان کو under consideration لانا چاہیے اور اس کے بعد root causes کو find out کرنے کے بعد policies formulate کرنی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب راجیش کمار صاحب۔

Mr. Rajesh Kumar: Thank Mr. Speaker. I am totally agree with Rafiullah Kakar, Inamullah Marwat and Matiullah Tareen.

جناب سپیکر! بلوچستان کا مسئلہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے ہمارے لیے کیونکہ یہ ہمارے national interest کے خلاف ہے۔ آپ دیکھیں کہ اس وقت جس طرح کے حالات بلوچستان میں ہیں، جس طرح Quetta Residency پر حملہ کیا گیا اور جیسا کہ رفیع اللہ نے بتایا کہ وہاں پر تعلیمی اداروں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے اور وہاں پر national flag لگانے کی بھی اجازت نہیں ہے۔ یہ صورتحال صرف بلوچستان میں نہیں ہے بلکہ میں تو سندھ کی بات کروں گا۔ ہمارے سندھ میں بھی یہی ہے کہ ہمارے تعلیمی اداروں میں against our country slogans لگاتے ہیں جو ایسے ہوتے ہیں جو ایک عام بندے کو unpatriotic بنا دیتے ہیں۔ جہاں تک missing persons کی بات ہے تو ہمارے تعلیمی اداروں سے students کو kidnap کیا جاتا ہے اور پھر دو ماہ بعد ان کی لاشیں ملتی ہیں۔ ہماری state کو اس طرف توجہ دینی چاہیے کہ یہ کون سے عناصر ہیں جن پر ہمارا control نہیں کر پا رہے ہیں۔ اس طرح سے ہماری national integrity کے خلاف یہ کام ہو رہا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جس طرح ہمارے تعلیمی اداروں میں آپ کو تربیت ملتی ہے، جہاں سے آپ سیکھتے ہیں یہ unpatriotic قسم کی چیزیں تو میں حکومت کی توجہ اس طرف دلانا چاہوں گا کہ مہربانی کرکے اس معاملے کو seriously لیا جائے کہ تعلیمی اداروں میں اس طرح کی activities کو روکا جائے جو against the national integrity ہو۔ میرے خیال میں تو اس معاملے میں مختلف agencies involved ہیں کیونکہ میرے علم میں ایک بات ہے کہ وہاں پر سندھ کا ایک student تھا جو Sindh University میں پڑھ رہا تھا، I will not indicate his name, وہ تین ماہ تک agency کے زیر حراست رہا، اس کے بعد اس کو رہا کیا گیا۔ پھر ایک ماہ بعد اس کو police encounter میں مار دیا گیا۔ لہٰذا اس بات کو serious لینا چاہیے کہ اس طرح سے آگ بڑھے گی اور بجھے گی نہیں۔ I agree with this resolution. Thank you Mr. Speaker.

جناب سپیکر: شکریہ۔ محترمہ حرا ممتاز صاحبہ۔

Miss Hira Mumtaz: Honourable Speaker and fellow members of the Parliament. I denounce the kill and dump policy and I agree that this is something that is not just affecting Balochistan but also other provinces of the country and it should be tackled at an emergency basis. However, this is not just a law and order problem. We need to develop a joint strategy to resolve the menace of extremism and those other various issues that the province is engulfed in. Which is why I propose a 3D policy; Development, Dialogue and Deterrence. Ladies and Gentlemen! It is time that we realize that nothing is going to improve

the condition of Balochistan through mere making of announcement. We have to provide facilities to the masses and resolve their issues on priority basis. We need to establish educational institutions, hospitals and medical centers, we need to undertake development projects, infrastructure projects and water, sanitation, irrigation projects etc.

Secondly, the dialogue, ladies and gentlemen! We need to conduct open talks with these separatist groups to bring peace to this province which is facing a full blown insurgency and growing sectarian terrorism across the province. Agreed, these people are the one that are creating violence but we need to realize that these angry Baloch leaders have their grievances which need to be addressed. We need to make sure that the Baloch representation is increased. Ladies and gentlemen! In the National Assembly, there are only 16 seats which are allocated to Balochistan. However, in the Senate we see, there is equal representation of the provinces. So, we need to enhance the power of the Senate so that there is more representation of these Balochs. We need to make sure that we develop Balochistan and we create dialogue, these Baloch issues cannot be resolved unless we have these three stakeholders that come together, the Federal Government, the Military Leadership and the Provincial Government. These three have to be on the same page for us to be able to resolve this issue for ever.

Thirdly, the deterrence which is the third aspect instead of it being the priority. We need to make sure that after we develop and after we hold dialogues we tackle this issue through combating militants with force. Thank you.

Mr. Speaker: Thank you. Mr. Yasir Abbas.

Mr. Yasir Abbas: Thank you sir. I strongly agree and endorse this resolution presented by my fellow parliamentarians from Balochistan and I believe that

یہ جو missing persons کا issue ہے، جو پاکستان میں پچھلے کئے سالوں سے ہے اور لوگ غائب ہوتے جا رہے ہیں اور ایسے غائب ہو رہے ہیں جن کا کوئی سراغ نہیں ملتا، اگر ملتا بھی ہے تو مسخ شدہ لاشوں کی صورت میں ملتا ہے یا کسی بند کوٹھڑی میں زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ایک جسم کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ یہاں پر ایک چیز ہمیں سمجھنا بہت ضروری ہے کہ اس ہم اس issue کو ابھی تک own کیوں نہیں کر رہے ہیں۔ ہم جب terrorism کی بات کرتے ہیں تو اس پر ایک national consensus نہیں ہے۔ ہم جب missing persons کی بات کرتے ہیں تو اس پر بھی national consensus نہیں ہے۔ یہاں پر fellow parliamentarians نے کہا کہ یہ صرف کوئٹہ کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔ Yes, I strongly agree that this is the situation everywhere in Pakistan but یہ جہاں سے شروع ہوا ہے اور جہاں پر اس کی intensity زیادہ ہے، جہاں پر اس کا magnitude سب سے high ہے، وہ ہے کوئٹہ بلوچستان۔ وہاں کے لوگوں کو عجیب طریقے سے اور بہت ہی inhuman طریقے سے رکھا جاتا ہے، ان کو پہلے غائب کیا جاتا ہے اور ان کے ساتھ پھر غیرانسانی سلوک کیا جاتا ہے and they create atrocities against them.

آج کل ہماری ایک اچھی بات جو پاکستانی سوسائیٹی میں سامنے آ رہی ہے، میڈیا میں آج کل بات چل رہی ہے missing persons کے بارے میں۔ کل ہی، جو 30 اگست کو پوری دنیا میں missing persons کا عالمی

دن منایا جاتا اور اسی مناسبت سے میں کل پاکستانی ٹی وی چینلز کو بھی دیکھ رہا تھا کہ ایک national force emerge ہو رہی ہے جو as a pressure group judiciary پر بھی اثرانداز ہو رہا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ یہ security کے ادارے یا establishment یہ بہت دیر تک اس چیز کو چھپا سکتے ہیں۔ ان کو ایک نہ ایک دن حقائق سامنے لانے ہوں گے۔ وہ کبھی بھی اس چیز کو چھپا نہیں سکتے کہ لوگ وہاں پر مر رہے ہیں اور some way or the other way security agencies are patronizing Lashkar-e-Taiba and other organizations just because that people of Balochistan are now in a position enough to ask for their rights اور جس کا جواب وہ missing persons کی شکل میں دیتے ہیں۔ جناب والا! یہ طرز عمل صرف بلوچستان میں ہی نہیں اپنایا جا رہا ہے بلکہ جس صوبے سے میرا تعلق ہے یعنی گلگت بلتستان، اس کو جس طرح indulge کیا جا رہا ہے، وہ کچھ مختلف ہے۔ اس کو sectarian violence کے ذریعے indulge کیا جا رہا ہے۔ ایک شہر ہے جو 06 kilometer کا ہے، جہاں سے بندہ اگر پیدل چلے تو اس کو ایک گھنٹہ لگتا کہ وہ شہر کے دوسرے سرے پر پہنچ جاتا ہے، اس شہر میں آج عالم یہ ہے کہ اگر کوئی بندہ گھر سے باہر نکلتا ہے تو اس کو پتا نہیں ہوتا کہ وہ زندہ واپس گھر آئے گا یا نہیں۔ مارکیٹوں میں جاتے ہیں تو دھڑکا لگا رہتا ہے کہ ابھی یہاں سے گولی چلے گی، ابھی اس کو کوئی اٹھا کر لے جائے گا یا ابھی اس کو کوئی قتل کر دے گا۔

دوسری بات مساجد کے عمائدین آپس ملتے ہیں، کہا تو یہ جاتا ہے کہ وہاں پر سنی شیعہ کا clash ہے، کہا تو یہ جاتا ہے کہ وہاں پر intelligence اور باہر کے ادارے اس میں ملوث ہیں لیکن اگر historically دیکھا جائے تو وہاں پر تو سنی اور شیعہ کے تو آپس میں رشتے ہوتے تھے۔ وہ آپس میں close relatives تھے یا ان کی ایک دوسرے کے ساتھ بہت close association تھی۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ situation پورے پاکستان میں ہے لیکن مختلف نوعیت کی ہے اور ہمیں کوئٹہ کو as a priority tackle کرنا ہے کیونکہ since from independence and since the birth of Pakistan they are the sufferers.

اب آتے ہیں حل کی طرف۔ اس چیز کا حل کیسے ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے ہمیں بہت ہی pragmatic steps اٹھانے پڑیں گے۔ جس طرح ہمارے fellow parliamentarians نے 3D model کا بھی ذکر کیا لیکن میری نظر میں ہمیں سب سے پہلے یہ کہ national consensus develop کرنا پڑے گا اور یہ کس صورت میں ہو سکتا ہے کہ آپ بلوچ leadership اور بلوچ لوگوں کو پارلیمنٹ میں جتنی بھی representation دے دیں but if you keep their hands cuffed, they cannot do any thing. اگر پوری پارلیمنٹ یعنی 328 ارکان سارے کے سارے بلوچستان کے بھی ہوں تو پھر بھی مسئلے کا حل نہیں نکال سکتے جب تک آپ ان کو autonomy نہیں دیں۔ آپ autonomy کیسے دیں گے، .let them decide their fate مجھے پتا ہے کہ بلوچ ایک patriotic قوم ہے۔ بلوچ قوم ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑی رہی ہے اور بلوچستان ہی وہ corridor جہاں پر گوادر بن رہا ہے جو پاکستان کے لیے ایک future power corridor کی شکل میں ابھر رہا ہے۔ کیا پاکستان اسی طرح tackle کرکے گوادر کو بھی گنوانا چاہتا ہے؟ کیا گوادر کو بھی terrorism کے لیے ایک international hub بنانا چاہتے ہیں۔ چین کے ساتھ تعلقات کی تو ہم بات کرتے ہیں۔ چین کے ساتھ ہم investment کی تو بات کرتے ہیں اور at the same time China سے ہم خنجراب سے لے کوئٹہ تک اور پھر گوادر تک اور آگے بدین تک ہم روڈ بنانے کی بات کرتے

